اخبار الجامعہ

جامعہ سلفیہ جہاں علمی میدان میں اپنی حیثیت اپنوں اور غیروں میں منوا چکا ہے وہاں دعوتی میدان میں بھی کسی سے پیچھے نہیں بلکہ ہر میدان میں ہراول دستے کے طور پر نمایاں کام دکھا رہا ہے۔

موسم گرم کی تعطیلات میں علاقہ گلیات میں دعوت کی اشد ضرورت محسوس کرتے ہوئے تبلیغی، دعوتی، اصلاحی پروگراموں کو ترتیب دیا گیا جس میں بالاکوٹ، ایبٹ آباد اور توحید آباد تین مرکزی کانفرنسیں منعقد ہونگی۔ یہ تمام پروگرام میاں نعیم الرحمٰن طاہر رئیس الجامعہ کی زیر نگرانی ہوں گے۔

اہل حدیث کانفرنس بالاکوٹ

16 جولائی بروز جمعہ المبارک جامع مسجد شہداً بالاکوٹ میں ایک عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ پروگرام صبح دس بجے سے نماز عصر تک جاری رہے گا۔ خطبہ جمعہ المبارک حضرت علامہ پروفیسر عبدالجبار شاکر صاحب آف لاہور ارشاد فرمائیں گے۔ اور حضرت مولانا عبدالعزیز علوی شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد۔ حضرت مولانا عبدالعزیز حنیف صاحب آف اسلام آباد۔ حضرت مولانا محمد نواز چیمہ صاحب آف گوجرانوالہ۔ حضرت مولانا محمد اکرم رحمانی صاحب آف فیصل آباد۔ حضرت مولانا میاں ابوبکر حمزہ صاحب آف اسلام آباد سامعین کو اپنے خطابات عالیہ سے مستفید فرمائیں گے۔

اس پروگرام میں جناب سینیٹر سید محمد قاسم شاہ صاحب۔ جناب حاجی سردار محمد صاحب۔ جناب صوفی احمد دین اور حافظ محمد الیاس صاحب۔ مہمانان خصوصی کی حیثیت سے شرکت فرمائیں گے۔ یہ تمام پروگرام جناب میاں نعیم الرحمان طاہر رئیس الجامعہ کے زیر نگرانی اور حضرت مولانا محمد صدیق خطیب جامع مسجد شہداً بالاکوٹ کی صدارت میں ہوگا۔

اہل حدیث کانفرنس توحید آباد

9 جولائی بروز جمعہ المبارک جامع مسجد توحید اہل حدیث توحید آباد میں بڑی شان و شوکت کے ساتھ ایک کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس میں خطبہ جمعہ المبارک سینیٹر پروفیسر علامہ جناب ساجد میر صاحب اور امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان ارشاد فرمائیں گے۔ اور بعد نماز جمعہ حضرت مولانا حافظ عبدالرشید اظہر صاحب۔ حضرت مولانا حافظ عبدالحمید ازھر صاحب۔ حضرت مولانا ابراہیم خلیل الفضلی صاحب۔ حضرت مولانا قاری محمد سعید کلیروی اور حضرت مولانا عبدالرشید شورش صاحب کے خطابات ہوں گے اور یہ پروگرام بھی صبح دس بجے سے نماز عصر تک رہے گا۔ یہ پروگرام میاں عطاء الرحمٰن کی زیر صدارت اور میاں نعیم الرحمٰن کی زیر نگرانی ہو گا۔

اہل حدیث کانفرنس ایبٹ آباد

مورخہ 17 جولائی بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث گنج قدیم میں ایک عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب آف ہری پور ہزارہ کی زیر صدارت اور میاں نعیم الرحمٰن طاہر صاحب رئیس الجامعہ کی زیر نگرانی میں ہوگا۔ جس میں حضرت مولانا قاری محمد یعقوب صاحب آف فیصل آباد۔ حضرت مولانا محمد اکرم رحمانی صاحب۔ حضرت مولانا عبداللہ اظہر صاحب اور مولانا حافظ امین الرحمان ساجد صاحب خطاب فرمائیں گے اور 16 جولائی کا خطبہ جمعہ المبارک اسی مسجد میں حضرت مولانا قاری محمد رمضان صاحب صدر مدرس شعبہ حفظ القرآن جامعہ سلفیہ ارشاد فرمائیں گے۔

9 جولائی کے خطبات جمعہ المبارک جامع مسجد ایوبیہ میں حضرت مولانا عبدالحنان زاہد صاحب۔ جامع مسجد کوزہ گلی میں حضرت مولانا محمد ادریس سلفی صاحب۔ جامع مسجد اہلحدیث کنڈلا میں حضرت مولانا قاری نوید الحسن صاحب لکھوی۔ جامع مسجد اہلحدیث کالا باغ میں حضرت مولانا حبیب الرحمان خلیق صاحب ارشاد فرمائیں گے۔

اس طرح 16 جولائی کے خطبات جمعہ المبارک جامع مسجد اہلحدیث قاضیاں والی مانسہرہ میں حضرت مولانا حافظ مسعود عالم صاحب۔ جامع مسجد اہلحدیث ایوبیہ میں حضرت مولانا محمد اکرم رحمانی صاحب جامعہ مسجد اہل حدیث کنڈلا میں مولانا عبیداللہ اظہر صاحب جامع مسجد اہل حدیث ھری پور میں مولانا محمد زبیر ظہیر صاحب اور جامع مسجد اہل حدیث توحید آباد میں مولانا امین الرحمان ساجد صاحب۔ خطبہ جمعہ ارشاد فرمائیں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔ اس دعوتی و تربیتی دورے میں ہر ممکن کوشش کی جائے گی کہ علاقہ گلیات کے مام گاؤں اور شہروں میں پہنچ کر اس تبلیغی فریضے کو حسن و خوبی سر انجام دیا جا سکے۔